تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 17, 2023

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دسویں (ریگولر) بورڈ امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا۔لڑکیوں نے بازی ماری

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج دسویں (ریگولر) بورڈ کے نتائج کا اعلان کر دیا۔امتحان میں کل چھیاسی اعشاریہ تین چھے طلبا پاس ہوئے ہیں جس میں تقریباً سینتالیس اعشاریہ پانچ صفرلڑکے اور باون اعشاریہ پانچ صفرلڑکیاں ہیں۔دسویں بورڈ کے نتائج آئن لائن http://jmicoe.in پر دستیاب ہیں۔

اریبہ فاطمہ نے اٹھانویں اعشاریہ ایک چار فی صد نمبرات کے ساتھ پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ارم بانو نے اٹھانویں فی صد نمبرات کے ساتھ دوسرا مقام حاصل کیا ہے جب کہ علین احمد نے ستانویں اعشاریہ سات ایک فی صد نمبرات کے ساتھ تیسرے مقام پر رہیں۔

کل چار سو آٹھ طلبا نے امتیازی نمبرات کے ساتھ فرسٹ ڈویژن حاصل کیا ہے اور ایک سو ایک طلبا سادہ فرسٹ ڈویژن سے پاس ہوئے ہیں۔چار سو آٹھ طلبا میں امتیازی نمبرات کے ساتھ فرسٹ ڈویژن حاصل کرنے والے طلبا میں دو سو تینتالیس لڑکیاں اور ایک سو پینسٹھ لڑکے ہیں۔

پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری) شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ٹاپرز کو مبارک باد دی اور ان کے تابناک مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔انھوں نے کہا کہ جو طلبا چند نمبرات کی کمی کی وجہ سے ٹاپ پوزیشن نہیں حاصل کر سکے انھیں مایوس نہیں ہونا چاہیے اور زندگی کی مشکلات سے نبرد آزما ہونے کے لیے سخت جد و جہد کرنی چاہیے۔

پروفیسر نجمہ اختر نے امتحان کے خوش اسلوبی سے انعقاد کے لیے مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر ناظم حسین الجعفری، ڈین اور دیگر فیکلٹی اراکین کی کوششوں کی تعریف کی۔نتائج کے بروقت اعلان کے لیے انھوں نے کنٹرولر آف ایگزمینیشن کے دفتر کے عملے کی کوششوں کی بھی ستائش کی۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی